☆ مسلمانوں کی حقیقی تصویر، مولانا محمد جرجیس کریمی۔ ناشر: مرکزی مکتبہ اسلامی‘ ڈی-۳۰۷‘ ابوالفضل انکلیو‘ جامعہ نگر‘ اوکھلا‘ نئی دہلی‘ بھارت۔ صفحات: ۱۶۴۔ قیمت: ۵۵ روپے۔[مسلمانوں کے بارے میں جو غلط فہمیاں پھیلائی جارہی ہیں‘ اس پس منظر میں‘ مصنف نے مسلمان کی حقیقی تصویر قرآن اور سنت کی روشنی میں پیش کی ہے۔ اگر کہیں عمل نہیں کیا جاتا تو ذمہ داری اسلام کی نہیں‘ مسلمانوں کی ہے‘ مثلاً خواندگی کی کم شرح وغیرہ۔]

☆ رحمت ہی رحمت، الشیخ عطاء اللہ بن عبدالغفار فیض کوریجہ۔ ترجمہ: مولانا امیرالدین مہر۔ ناشر: اسلامک ریسرچ اکیڈمی‘ ڈی-۳۵‘ فیڈرل بی ایریا‘ کراچی۔ صفحات: ۱۵۲۔ قیمت: درج نہیں۔[ان تمام روایات کو جمع کردیا گیا ہے جن سے آپؐ کے رحمت کے پہلو کا اظہار ہوتا ہے۔ ترجمے کے ساتھ قابلِ توجہ امور کو بطور تشریح نکات وار درج کردیا گیا ہے۔ بچوں کے ساتھ‘ خواتین کے ساتھ‘ اہل وعیال کے ساتھ‘ اُمت کے ساتھ‘ غرض ہر لحاظ سے رحمت کے سلوک کے واقعات یک جا ہوگئے ہیں۔]

☆ ماہنامہ ہمدرد (خاص نمبر) مدیراعلیٰ: مسعود احمد برکاتی۔ ناشر: ہمدرد فاؤنڈیشن‘ ناظم آباد نمبر۳‘ کراچی ۷۴۶۰۰۔ صفحات: ۲۸۸۔ قیمت: ۳۰ روپے۔[ہمدرد نونہال نے اپنی ۵۴ سالہ زندگی میں ادب‘ نونہالوں اور پاکستان کی بڑی خدمت انجام دی ہے اور کوشش کی ہے کہ عہدحاضر کے تقاضوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے نئی نسل کے لیے اخلاق اور علم کا پیغام عام کرتا رہے۔ زیرنظر خاص نمبر اسی کا تسلسل ہے‘ نیز ایک کہانی بطور تحفہ بھی۔]

☆ سیرتؐ کا پیغام، مرتب: ڈاکٹر ممتاز عمر۔ ملنے کا پتا: T-۴۴۵‘ کورنگی نمبر۲‘ کراچی ۷۴۹۰۰۔ صفحات: ۶۴۔ قیمت: ۶ روپے کے ڈاک ٹکٹ۔[حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر مختصر اور متنوع مضامین کا مجموعہ اور عقیدت سے لبریز اشعار کا گلدستہ۔ علمی سے زیادہ عمل پر اُبھارنے والی مؤثر تحریریں۔]

☆ اسلام میں خواتین، کے حقوق‘ جدید یا فرسودہ ، ڈاکٹر ذاکر نائیک۔ ترجمہ: سید امتیاز احمد۔ ناشر: دارالنوادر‘ الحمد مارکیٹ‘ اُردو بازار‘ لاہور۔ صفحات: ۱۰۴۔ قیمت: ۵۰ روپے۔[معروف اسکالر ڈاکٹر ذاکر نائیک کا اپنے مخصوص انداز میں عورت کے حقوق پر اظہار خیال۔ موضوع کے حوالے سے جدید ذہن میں اٹھنے والے سوالات اور شبہات کا مدلل جواب۔ مفید‘ معلوماتی اور مبسوط استدلال۔]